صرف اُن پاکیزہ افسانوں اور ایسے عمدہ مضامین کو جگہ دی جائیگی جو صحیح معنی میں عورتوں کے لیے مفید ثابت ہوسکیں اور جن کا مقصد تباہ کن بیداری پیدا کرنا نہ ہو بحیثیت مجموعی یہ رسالہ کامیاب ہے۔ (ع،ع)

اخبارات

"احرار" سہارنپور | زیر ادارت مولوی سید احمد صاحب دیوبندی صفحات ۱۰۔ سفید چکنا کاغذ۔ کتابت اور طباعت نہایت عمدہ قیمت سالانہ ۵ر، فی پرچہ ۱ر دفتر اخبار احرار سہارنپور سے طلب فرمائیے

یہ ایک سنجیدہ اور علمی سہ روزہ اخبار ہے اور صحافت کے اس بدنام دور میں ملک وملت کی صحیح اور بہترین خدمات انجام دے رہا ہے، لیڈنگ آرٹیکل اور بعض مستقل عنوانات کے ذیل میں وقت کے ضروری مباحث پر سنجیدگی اور اصابت رائے کے ساتھ روشنی ڈالی جاتی ہے "تراجم خصوصی" کے ذیل میں پُراز معلومات مقالے شائع ہوتے ہیں اور یہ اس اخبار کی ایک امتیازی خصوصیت ہے، خبروں کی فراہمی کی رفتار البتہ کسی حد تک کمزور ہے لیکن اس کے پرجوش و باہمت کارکنان کی طرف سے یقین ہے کہ ان کی مساعی پیہم بہت جلد اس خامی کو دور کرنے میں کامیاب ہونگی۔ ہم اخبار بیں حضرات سے پُرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس کی توسیع اشاعت میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں، تاکہ یہ اخبار اپنی خدمات کو پورے استقلال وکامیابی کے ساتھ جاری رکھ سکے۔

"الہلال" پٹنہ | ایڈیٹر: ذکریا فاطمی صاحب، صفحات ۶ کتابت اور طباعت بہتر قیمت سالانہ عہ، فی پرچہ ۱ر دفتر اخبار الہلال پٹنہ سے طلب کیجیے۔

یہ اخبار ہفتہ وار ہے اور جمعیۃ العلماء صوبہ بہار کا ترجمان ہے۔ اس کے افتتاحیہ مقالات میں حالات حاضرہ پر روشنی ڈالی جاتی ہے اور اُن پر متین وسنجیدہ تبصرہ کیا جاتا ہے۔ خبروں کا حصہ بہت کافی ہوتا ہے جن میں ہفتہ بھر کی تمام ضروری باتیں مختصر مختصر شائع کردی جاتی ہیں مجموعی حیثیت